جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ یہ سوال میں پہلے دے چکا تھا لیکن اگر حکومت کی طرف سے کوئی اور آنریبل منسٹر صاحب تیار ہیں کیونکہ Concerned Minister اس وقت موجود نہیں ہیں، اگر منسٹر۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: اس کو میرے خیال میں پینڈنگ رکھتے ہیں، جب وہ ہوں تو ٹھیک ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے، تھینک یو۔

Mr. Acting Speaker: It is kept pending. Item No.11: Since the motion was partially discussed on 31st January 2011 and further discussion will continue. Now the honourable Member who want to participate in the discussion, please.

مفتی کفایت اللہ: جی، زما نمبر را نغلو ؟

جناب قائمقام سپیکر: جی، آپ فرمائیں، فرمائیں۔Mufti Kifayatullah Sahib, go ahead۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، بہت شکریہ۔ میں آپ کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں اور ساتھ آنریبل ممبر اسراراللہ خان گنڈاپور کا شکریہ بھی ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ایک اہم مسئلے کی طرف متوجہ کیا ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح نے تمام آفیسرز کو جمع کرکے ایک ہدایت دی تھی کہ آپ مستقل حکومت ہیں اور آپ سیاسی دباؤ میں نہ آیا کریں، سیاسی لوگ آتے جاتے ہیں اور آپ کو کام کرنا ہوتا ہے اور آخر میں یہ کہا تھا کہ کام، کام اور صرف کام۔ میرے خیال میں آج تک وہ روایت موجود ہے، اگر ہم ان حکومتوں کو By law چلانا چاہتے ہیں، قواعد وضوابط پر چلانا چاہینگے تو ہمیں اس محکمے کے سیکرٹری کی رائے کو اہمیت دینا ہوگی۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ میں خود سیاسی کلب کا آدمی ہوں اور جو بھی حکومت میں ہیں، وہ میرے سیاست کے اندر ہم مسلک ہیں، مجھے تو بات ٹھیک کرنی چاہیئے اس لئے میں عرض کرتا ہوں کہ جب سیاسی حکومتیں آتی ہیں، آج وہ حکومت میں ہوتے ہیں تو کل وہ اپوزیشن میں ہوتے ہیں، اپوزیشن میں ان کا نکتہ نظر کوئی اور ہوتا ہے اور حکومت میں نکتہ نظر اور ہوتا ہے، اگر ڈیموکریسی Mature ہو جائے تو اس کے معنی یہ ہونگے کہ حکومت میں بھی وہی نکتہ نظر ہوگا جو اپوزیشن کے اندر نکتہ نظر تھا۔ آج اے این پی اور پیپلز پارٹی کے ساتھی حکومت میں ہیں، آج ان کے پاس اللہ نے اختیار دیا ہے لیکن میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ یہ اختیار امانت ہے،

اس کو کوئی آدمی Misuse نہیں کر سکتا۔ محترم وزراء صاحبان یعنی وزیر صحت اور وزیر تعلیم نے جو متعلقہ ای ڈی اوز کو یہ ہدایت کی ہے کہ کلاس فور کی پوسٹوں پر وہ متعلقہ وزیر سے گرین سگنل لیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر یہ بات ٹھیک ہوتی اور قاعدے اور قانون کے مطابق ہوتی تو پھر یہ لیٹر متعلقہ وزیر کی طرف سے نہ جاتا، بلکہ یہ لیٹر متعلقہ سیکرٹری کی طرف سے جاتا۔ میں اعتراف کرتا ہوں کہ ایم پی ایز کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ بھرتی کریں اور ایم پی ایز کو یہ اختیار بھی نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ اس پر اصرار کریں کہ میں یہ بھرتی کرونگا اور ہم ہیں Member of the Legislative Council، اس کے معنی یہ ہیں کہ ہمارا بنیادی حق جو ہے وہ قانون سازی ہے، یہ ترقیاتی کام، یہ تقرریاں، یہ تبادلے، یہ ثانوی چیز ہے لیکن جس قانون کے تحت کوئی ایم پی اے یہ حق نہیں رکھتا کہ وہ بھرتی کرے، اسی قانون کے تحت ایک وزیر بھی یہ حق نہیں رکھتا کہ وہ اپنے انداز سے بھرتیاں کرے اور میرٹ میں جن لوگوں کا استحقاق ہے، ان کو آگے پیچھے کرے۔ جناب سپیکر، یہ متعلقہ دونوں وزراء نے اگر ہدایت کی ہے تو میں دونوں کو جانتا ہوں، Polite قسم کے لوگ ہیں، اچھے لوگ ہیں، یہ غلطی سے ان سے کسی نے یہ کام کروایا ہوگا اور آج وہ اس فلور پر کھڑے ہو کر انشاءاللہ یقین دہانی کرینگے کہ ہم اس کی تصحیح کرینگے۔ جناب سپیکر، آپ چیئر پر بیٹھے ہیں، ہم نیچے بیٹھے ہیں، یہ آئین کے مطابق ایسا ہو رہا ہے اور یہ لوگ حکومت میں ہیں، ہم اپوزیشن میں ہیں، یہ بھی آئین کے مطابق ایسا ہو رہا ہے اور ہم ایک دوسرے کے Colleagues ہیں۔ جس حلقے سے میں منتخب ہو کر آیا ہوں، وہاں انکی جماعت کے لوگ ضرور ہیں لیکن آپ نے عزت تو میری رکھنی ہے اور میں نے آپ کی عزت رکھنی ہے۔ تقدیر کے ہاتھوں مختلف لوگ، ایک سو چوبیس لوگ اس ایوان میں آگئے۔ انکی مثال ایسی ہے جس طرح کلاس فیلوز ہوتے ہیں اور جب وہ کلاس فیلوز ہوتے ہیں تو انکے درمیان سیاسی اختلافات کے باوجود ایک طبعی اور فطری محبت پیدا ہوتی ہے۔ مجھے اے این پی کے اور پیپلز پارٹی کے ایم پی اے اور وزیر کا احترام کرنا ہے کہ وہ ہمارا Colleague ہے، اسی طرح انکو بھی ہمارا احترام کرنا ہوگا کہ ہم انکے Colleagues ہیں، ہم انکو اچھے لگتے ہیں تو بھی انکے Colleagues ہیں، ہم انکو اچھے نہیں لگتے تو بھی انکے Colleagues ہیں۔ ہمارے بولنے سے یہ خوش ہوتے ہیں تو بھی ہم انکے Colleagues ہیں اور ہمارے بولنے سے یہ خوش نہیں ہوتے تو بھی یہ Colleagues ہیں، ہمیں قدرتی طور پر برداشت کرنا ہوگا اور آپس میں پیار اور محبت

سے اسمبلی کو چلانا ہوگا۔ جناب سپیکر، اس اسمبلی کو جرگہ کہا گیا ہے اور پنجاب کی اسمبلی کو جرگہ نہیں کہا گیا، سندھ کی اسمبلی کو جرگہ نہیں کہا گیا اور بلوچستان کی اسمبلی کو جرگہ نہیں کہا گیا، یہ ہماری روایات ہیں، جو حالات پنجاب کی اسمبلی میں ہیں کہ وہاں اپوزیشن کو اٹھا لیا جاتا ہے اور باہر دھکیل دیا جاتا ہے، جو حالات بلوچستان کی اسمبلی کے ہیں، وہاں پر برائے نام اپوزیشن ہے، اپوزیشن نہیں ہے، ہمارے ہاں ایسا نہیں ہے۔ گزشتہ دور میں بھی اور اس دور میں بھی یہاں اپوزیشن اور حکومت دونوں مل کر ان ایشوز کو حل کرتی ہیں اور اپوزیشن تعاون کرتی ہے اور حکومت قدم اٹھاتی ہے۔ جناب سپیکر، جب یہ بات آتی ہے اور یہاں فلور پر کہا جاتا ہے کہ ہر ایم پی اے اپنے حلقے کا وزیر اعلیٰ ہے تو پھر ہم کس چیز میں وزیر اعلیٰ ہیں؟ سترہ اور اس سے اوپر کے جو سکیلز ہیں، اس کے اندر باقاعدہ میرٹ ہے، پانچ سے لیکر سولہ تک اس کے اندر بھی میرٹ ہے، اگر ہم میرٹ کے خلاف سفارش کرینگے تو یہ گناہ ہے اور یہ امانت میں خیانت ہے، اس میں ہم وزیر اعلیٰ نہیں ہیں، نہ وہاں پر انیس بیس کی سفارش ہماری ماننی چاہیئے تو پھر ہم کس چیز میں وزیر اعلیٰ ہیں؟ ہم اس چیز میں وزیر اعلیٰ ہیں کہ ہمارے کہنے پر ہمارے حلقے میں ایک کلاس فلور لگا دیا جاتا ہے، یہ ہمارے لئے خوشی ہوتی ہے کہ کسی آدمی کو وہاں کلاس فلور لگاتے ہیں تو اس کو کہتے ہیں کہ آپکی روزی کا مسئلہ اللہ نے ہماری وجہ سے حل کر دیا، بہت بڑی مہربانی لیکن جب آپ ہم سے یہ لقمہ بھی چھین لیتے ہیں تو پھر جناب وزیر اعلیٰ کو اپنا وہ وعدہ یا اپنا وہ اعلان واپس لینا پڑیگا، اگر وہ واپس لیتے ہیں تو ٹھیک ہے، ہم اپنی سخت قدرت کو سمجھ کر تسلی اپنے آپ کو دے دینگے اور یہ کہہ دینگے کہ:

مقدر میں جو سختی تھی وہ مر کر بھی نہیں نکلی   قبر کھودی گئی میری تو پتھریلی زمیں نکلی

مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا لیکن میں حکمرانوں کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ آپ پشتون ہیں، آپ مسلمان ہیں، آپ کی ایک بات ہوتی ہے اور پشتون تو ایک بات پر کھڑا رہتا ہے، خدانخواستہ کوئی بے ترتیب الفاظ اس کے منہ سے نکل جاتے ہیں یا وہ ٹھیک نہیں ہوتے لیکن اس کا جو وقار ہے، وہ کھڑا رہتا ہے کہ میں نے یہ بات کی ہے اور اس بات کو مکمل ہونا چاہیئے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ محترم وزیر اعلیٰ صاحب نے کہا تھا کہ آپ وزیر اعلیٰ ہیں، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ محترم وزیر تعلیم نے کہا تھا کہ آپ وزیر تعلیم ہیں اور یہی وزیر صحت نے کہا تھا کہ آپ وزیر صحت ہیں۔ آج ہمارا وہ مینڈیٹ واپس لے لیا گیا ہے، آج وہ آدمی اس سے

Degrade ہو رہا ہے۔ آج اسمبلی کے ایوان پر یہ معاملہ صرف وزراء کا نہیں ہے، ایک سو چوبیس ممبران اسمبلی کا معاملہ ہے۔ جناب سپیکر، آپ کی پوزیشن ایسی ہے کہ آج آپ ہمارے کسٹوڈین ہیں اور آپ کی اس چیئر سے ہم امید رکھنا چاہتے ہیں کہ جو غلطیاں ہوتی ہیں، بے قاعدگیاں ہوتی ہیں، زیادتیاں یا ناانصافیاں ہوتی ہیں، آپ کی ایک رولنگ چاہیئے ہوتی ہے، وہ سارے کا سارا ٹھیک ہو جاتا ہے، میں اس پر اعتراف کرتا ہوں کہ ہمارے وزراء ایسے نہیں ہونگے اور جب انکو یہ باتیں ایوان کی طرف سے معلوم ہو گئیں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ اس پر غور کرینگے۔ جناب سپیکر، میں ایک اضافی بات کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ محترم بشیر بلور صاحب نے شہداء کی ایک فہرست گنی ہے اور اس میں سلمان تاثیر گورنر کو بھی شہید کہہ دیا گیا ہے، جناب ایسا نہ کہا جائے وہ شہید نہیں ہے، وہ اس کے اقوال آپ کو معلوم ہیں اور انہوں نے آرٹیکل (c) 295 کو اور اس ناموس رسالت ﷺ قانون کو کالا قانون کہہ دیا تھا۔ جب اس طرح ہو گا تو پھر جذبات بڑھیں گے، شہید کا تصور یا شہید کا مینڈیٹ صدر مملکت پاکستان کے پاس نہیں ہے، یہ مفتی اعظم پاکستان کے پاس ہوتا ہے، اگر اسطرح کے لوگوں کو شہید کہا گیا تو پھر ملک میں انارکی پھیلے گی۔ میری درخواست ہے میں بطور بھائی ان سے کہتا ہوں کہ انکو شہید نہ کہا جائے، اس سے اشتعال زیادہ پھیلے گا۔ بہت بڑی مہربانی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر۔

جناب قائمقام سپیکر: جی اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب نے ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف حکومت کی توجہ دلائی اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب نے تمام ممبران اسمبلی کی اس آواز کو یہاں پر اجاگر کیا۔ جناب سپیکر صاحب، میں قطعاً یہ نہیں کہتا کہ وزراء صاحبان کے اختیارات کم کئے جائیں اور وہ اختیارات ممبران اسمبلی کو دیئے جائیں لیکن میں یہ بھی توقع رکھتا ہوں، حکومت سے اور وزراء صاحبان سے کہ یہ پہلے ایم پی ایز منتخب ہوئے اور پھر اس کے بعد یہ وزیر بنے اور حکومت میں گئے۔ جناب سپیکر صاحب، ممبران اسمبلی کے حقوق، میں یہ توقع رکھونگا حکومت سے کہ جو حقوق عوامی مینڈیٹ کی وجہ سے انہیں ملے ہیں، وزراء صاحبان انکا ضرور خیال رکھیں اور حکومت اس کا خیال رکھے گی۔ جناب سپیکر صاحب! میں یہ کہتا ہوں کہ ایبٹ آباد میں، ہمارے وزیر صحت صاحب ہیں،

تین سالوں میں غالباً تین دفعہ، دو دفعہ وہ ایبٹ آباد میں گئے ہونگے اور ایبٹ آباد سے تعلق رکھنے والے ہم ممبران اسمبلی جانتے ہیں کہ کون کونسی جگہوں پر خرابیاں ہیں؟ جس طرح ہمارے ہزارہ ڈویژن کا ایک بہت بڑا کمپلیکس، ایوب میڈیکل کمپلیکس، جس کے اندر تمام مشینری بند پڑی ہے اور ڈاکٹر صحیح طریقے سے اس کو استعمال کرنے کے بجائے مریضوں کو باہر ٹیسٹوں کیلئے بھیج رہے ہیں، اگر ممبران اسمبلی پر حکومت اعتماد کرتی یا کریگی تو یہ حکومت کیلئے آسانیاں پیدا ہونگی، ممبران اسمبلی حکومت کے معاون ثابت ہونگے لیکن اگر حکومت کے تمام اختیارات وزراء صاحبان اپنے پاس کلاس فور کیلئے بھی اور چھوٹی چھوٹی باتوں کیلئے رکھیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح حکومت کا اپنا بھی نقصان ہوگا اور ممبران اسمبلی کے حقوق بھی غصب ہونگے۔ حکومت اگر ممبران اسمبلی پر اعتماد کریگی تو یہ ممبران اسمبلی حکومت کے بازو بنیں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے گو کہ ہماری پارٹی حکومت میں شامل نہیں لیکن جب کوئی حکومت اچھا کام کریگی تو عوام ہمیں بھی اور اس صوبے کے ممبران اسمبلی کو Appreciate کرینگے اور جب حکومت کوئی غلط کام کریگی تو شاید اس میں ہمیں بھی اتنی لعن طعن ہو جتنی حکومت کو، تو میں یہ توقع رکھونگا کہ وزراء صاحبان ہمیں اپنے بھائیوں کی طرح ہم پر اعتماد کرینگے اور ہم کبھی یہ نہیں کہیں گے کہ حکومتی وزراء کے اختیارات ہمیں دیئے جائیں لیکن وزراء صاحبان بھی ممبران اسمبلی کے حقوق کا خیال رکھیں۔ بڑی مہربانی شکریہ۔

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب قائمقام سپیکر: مولوی عبیداللہ صاحب، پلیز۔

مولوی عبیداللہ: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ حمداً و صلواۃ للہ و علی بنیﷺ۔ جناب سپیکر صاحب، ممنون ہوں کہ بات کرنے کا مجھے موقع ملا۔ ہر ایک ممبر صاحب جو ہماری خیبر پختونخوا اسمبلی میں ہے، ایک ضروری سیٹ پر بیٹھا ہوا ہے، اس سے ہٹ کر میں اپنے ملک اور اپنے صوبے کے سلسلے میں ایک ضروری بات جو میری دانست میں آتی ہے، وہ میں عرض کروں۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت ہماری مسلم دنیا میں ایک انقلاب آتا ہوا ہمیں نظر آرہا ہے۔ اللہ کرے کہ یہ خیر کی طرف ہو جائے، اللہ کرے کہ خیر کی طرف ہو جائے۔ جناب دنیا میں بہت بڑی طاقتیں تھیں، ایک ہے اور ایک غائب ہوگئی ہے، اس سلسلے میں ہم ہر ایک نماز میں یہ پڑھ رہے ہیں "غیر المغضوب علیھم ولا الضالین" یہ مغضوبین

ہیں اور یہ ضالین ہیں، خدا انکے کرتوتوں سے ہمیں امن دیدے، یہ ہم ہر ایک مسلمان ہر نماز میں پڑھ رہے ہیں، اسکے معنی میں اگر آپ جائیں، وضاحت آپ کو مفسرین اور علماء کریں گے، میں اپنے صوبے کی طرف سے، میں ایک حلقے کا ممبر ہوں، اس کے بعد میں اپنے ضلع کا ممبر ہوں، پھر اپنے صوبے کا ممبر ہوں، پورے پاکستان کا ممبر ہوں، پورے پاکستان کے معاملات میں اپنی دانش کے مطابق یہ کہنا چاہتا ہوں، آپ کے سامنے واضح کرنا چاہتا ہوں، جو ہوگا وہی ہوگا، بات یہ ہے کہ یہ غیر المغضوب علیھم، یہ دنیا میں جو طاقت ہے، یہ اب دنیا کو اپنی ایک کالونی بنانا چاہتی ہے، کبھی مسلمان کو ایک مسلمان سے لڑاتی ہے، کبھی انکے توسط سے ہمارے ملک میں خود کشیاں ہو رہی ہیں، کبھی انکی وجہ سے ہمارے ملک میں ڈرون حملے ہو رہے ہیں۔۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: مولوی عبیداللہ صاحب، پلیز۔۔۔۔۔

مولوی عبیداللہ: یہ میں عرض کر رہا ہوں، بس دو منٹ میں ختم کر لیتا ہوں۔

جناب قائمقام سپیکر: آپ اپنے سبجیکٹ پر آجائیں، جو سبجیکٹ ہے۔

مولوی عبیداللہ: اس اسمبلی کے بھی ہمارے جو بھائی ہیں، ہمارے جو معزز ممبران تھے، وہ خود کش حملوں میں چلے گئے ہیں، ہمارے عزیز، ہمارے منسٹر کا جو جوان بیٹا تھا، وہ ہمارا بھائی تھا، وہ اسی طرح خود کش حملے میں شہید ہوا ہے تو میرا مطلب یہ ہے کہ ہمیں دانشمندی سے سوچنا چاہیئے کہ یہ جو خود کش حملے ہو رہے ہیں، جو ڈرون حملے ہو رہے ہیں، اس کی ایک ہی کڑی ہے کہ مسلمان کو مسلمان کے ساتھ لڑا کے وہ خود کش حملے کروا کر ایسا ان کے ساتھ کر رہے ہیں اور ان پر ڈرون حملے کر رہے ہیں، ہمیں یہ سمجھنا چاہیئے کہ جب تک ہم ان کی پالیسی میں جائیں، جبکہ ہمارا ملک تقریباً ان کی لابی میں رہا ہے، اگر آپ بھی ان کی لابی سے نہیں ہٹیں گے، اگر ہماری خارجہ پالیسی امریکہ کے مفاد میں ہو جائے تو یہ جو انقلاب تیونس میں آیا ہے، مصر میں آیا ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر، میں نے آخری بات کرنی ہے، بس آخری بات تاکہ ریکارڈ میں آجائے۔ ہمارے ہاں بھی یہ انقلاب آئے گا تو یہ ہماری غلط پالیسیوں کی وجہ سے آئے گا اور ہماری ان غلط پالیسیوں کی

وجہ سے ہمارا ملک بے سود ہوگا، خراب ہو جائے گا، میں چاہتا ہوں کہ یہ پالیسیاں ہماری ٹھیک کریں تاکہ (مداخلت) آپ مجھے ایک منٹ کرنے دیں۔ ہمارے یہ (مداخلت) دیکھیں نا جی، ان کے مفادات والے اس قسم کے لوگ ہوتے ہیں جو ان کے مفادات کی پیروی کر رہے ہیں، ہمارے ملک کے مفادات ہمارے مفادات کے ماتحت ہونے چاہئیں، ہمارے ملک کے مفادات اور کسی کے ماتحت نہیں ہونے چاہئیں۔ یہ ظاہری بات ہے، سمجھنے والا ہر ایک آدمی ہے لیکن کوئی کہہ سکتا ہے، کوئی نہیں کہہ سکتا ہے، جب تک امریکی لابی کے پیچھے ہم ہونگے، میں نے جائز اپنی حکومت اپنی مرکزی حکومت پر زور دیا ہے، چاہیئے کہ حکومت ہماری اپنی پالیسیوں میں تبدیلی لائے۔

جناب قائمقام سپیکر: جناب جاوید عباسی صاحب، جناب جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: تھینک یو، تھینک یو ویری مچ۔ جناب سپیکر، یہ بہت Important issue تھا جو جناب بلور صاحب۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: جی جی، بولیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میرے آنے والے جو دوست ہیں، اس پر بات کریں۔ یہ اسرار اللہ گنڈاپور صاحب جو مسئلہ لے کے اسمبلی کے سامنے آئے ہیں اور جو ان کا انتہائی اہم نوعیت کا معاملہ ہے اور یہ کسی ایک حلقے سے، کسی ایک ممبر سے اس کا تعلق نہیں ہے۔ میری گزارش ہوگی کہ جو باتیں ہمارے دوست کرنا چاہتے ہیں، ان کی بھی اپنی اہمیت ہے لیکن وقت ایسا ہے کہ ہمیں اپنے آپ کو اس معاملے پر رکھنا ہے، اس ایشو پر بات کرنی ہے تاکہ ہم کسی Consensus پر پہنچ سکیں۔ جناب سپیکر، میں تحریک التواء سمجھا ہوں، میرا خیال نہیں کہ اسرار اللہ خان گنڈاپور نے کہیں یہ کہا ہے کہ یہ پاور مجھے ملنی چاہیئے، میرا خیال نہیں کہ اس کا تعلق تھا کہ یہ پاور منسٹر کے پاس کیوں آگئی ہے، ایم پی ایز کو ملنی چاہیئے یا ایم پی ایز کو اس پاور کی ضرورت ہے، یہ معاملہ شاید یہاں انڈر ڈسکشن نہیں تھا۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ آڈر جاری کیا گیا ہے، منسٹر صاحبان کی طرف سے جو آڈر Unlawful ہے، Illegal ہے، قانون کے مطابق نہیں ہے، مہربانی کر کے حکومت اگر خود کہہ دے کہ یہ معاملہ اور جو آرڈر ہم نے پاس کیا ہے، یہ ٹھیک نہیں ہے اور اس کا خیال تھا، ہم سارے سمجھتے ہیں، اگر منسٹر صاحب ہماری بات پر متوجہ ہوتے تو ہم کوشش کریں

گے کہ انشاءاللہ ایسی بات کریں جو آپ کی مزاج کے مطابق بھی ہو (قہقہے) تو ہمارا خیال ہے کہ یہ تین سال گزر گئے ہیں، دو سال بعد حکومتیں بدل جاتی ہیں اور یہ معاملہ کل وزیر تعلیم صاحب کیلئے بھی آسانی پیدا کرنے کیلئے ہم کہہ رہے ہیں، ہمارا مقصد یہ ہے کہ آنے والے وقتوں میں یہ آسانی پیدا ہو جی، بالکل اس معاملے کو بہت باریکی سے ہم سب نے دیکھنا ہوگا، اس معاملے کا یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ اس کی قانونی حیثیت کیا ہے، کیا تھی، کیا ہو سکتی ہے؟ جناب سپیکر، اب یہ تمام محکمے، دونوں کی ہم بات کرتے ہیں، میں کسی اور پر نہیں جاؤں گا، ایجوکیشن اور ہیلتھ دونوں Devolved departments ہیں جو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو مل گئے ہیں یا تو آج یہ Determine کر دیں کہ یہ Devolved departments نہیں ہیں، پھر بھی انہوں نے کسی قانون کا سہارا لینا ہوگا کیونکہ آج تک ڈی سی اوز اور ای ڈی اوز انہی Devolved departments کے نیچے کام کر رہے ہیں، جو ڈسٹرکٹ میں بیٹھے ہوئے ہیں تو پھر یہ جو اپوائنٹمنٹس تھیں، ایک سے نو یا ایک سے دس تک، یہ ای ڈی او کی تھیں اور اگر اس سے اوپر ہونا تھیں تو گریڈ سولہ تک ڈی سی او کی تھیں، پھر اس معاملے کو یہاں لانا ہی نہیں چاہیئے تھا۔ اس میں بہت بڑی قباحت اگر نہ ہوتی تو ہم اس کو زیادہ Agitate اس لئے بھی نہ کرتے کہ کئی سکول جناب سپیکر، کئی بی ایچ یوز اور کئی ہیلتھ یونٹس ہیں، وہ کلاس فور کیلئے والدین اپنے بچوں، بھائیوں کو لیکر مارے مارے اپنے ایم پی ایز کے پیچھے پھرتے ہیں، پھر ایم پی ایز کو جہاں منسٹر صاحبان کے پیچھے پھراتے ہیں اور آپ جانتے ہیں کہ یہ منسٹر صاحبان کی Availability کتنی زیادہ ہے؟ اسمبلی میں ہماری خواہش ہوتی ہے کہ اللہ کرے کہ اسمبلی کا اجلاس ہو جائے تاکہ منسٹر صاحبان کو ہم دیکھ لیں (تالیاں) اور وہاں اسمبلی اجلاس میں بھی آپ نے دیکھا ہے کہ کتنی تعداد میں منسٹر صاحبان یہاں موجود ہوتے ہیں؟ تو مہربانی کریں، اب غریب لوگوں کیلئے مسائل میں ہمیں کمی لانی چاہیئے، اس لئے ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمارا یہ ہونا چاہیئے کہ جو سکول کلاس فور کا اور بی ایچ یو جہاں سیٹ خالی ہے، جناب سپیکر، آج آپ بھی ایک ایم پی اے ہیں اور آپ سب سے بہتر جج ہیں، اپنے حلقے کیلئے آپ بہتر سمجھ سکتے ہیں کہ یہاں کس کا حق ہے؟ اگر یہ سمجھتے ہیں کہ کہیں Deceased کوٹے میں یا کہیں جو ایمپلائز کوٹہ ہے، اس کی Violation ہو گئی ہے تو منسٹر صاحب کے پاس اس پر ایکشن لینے کے بھی کوئی اختیارات نہیں ہیں، معذرت کے ساتھ، پھر بھی ان کو ڈی سی او کو کہنا چاہیئے۔ کل یہاں پبلک

اکاونٹس کمیٹی کی میٹنگ ہوتی ہے، آپ چیئر کر رہے ہوتے ہیں یا سپیکر صاحب چیئر کر رہے ہوتے ہیں تو کوئی Violation ہوتی ہے، آپ ڈی سی او کو بلاتے ہیں، کہتے ہیں کہ جناب اس کا جواب دیں، کسی منسٹر کو تو آپ نے نہیں کہا اور پھر گنڈاپور صاحب نے کل بڑا اچھا اپنا کیس لڑا انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کا بجٹ وزیر بلدیات مانگتے ہیں اور ٹھیک مانگتے ہیں، ان کے پاس اختیارات ہیں، یہ اتنے بڑے ایمپلائز جو لاکھوں کے حساب سے ہیں، ان کا بجٹ مانگتے ہیں، ان کی کٹ موشن کا جواب یہ دیتے ہیں، پھر اگر کوئی ایسا آرڈر بھی کرنا ہو، تو پھر بھی ان کا مسئلہ ایسا ہونا چاہیئے تھا، لہذا اس کو اب انا کا مسئلہ نہیں بنانا چاہیئے، یہ کہیں نہ سوچا جائے کہ کس طرف سے یہ بات آئی ہے؟ اس میں کسی ڈسکشن کی بھی ضرورت نہیں تھی کہ آپ کی حکومت اگر کھڑی ہو جاتی اور میں سمجھتا ہوں کہ امیر حیدر ہوتی صاحب نے جو پالیسی اپنی حکومت میں اور اس صوبے میں بنائی تھی اور جو ایم پی ایز کو انہوں نے بلا کر کہا تھا تو اس کی بھی Violation ہوئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس معاملے میں چیف منسٹر کو بائی پاس کیا گیا ہے، انہوں نے پہلے دن سے طے کیا تھا کہ ایم پی ایز صاحبان جو ہیں، وہ اپنے اپنے حلقوں میں بہتر طریقے سے تجویز پیش کرتے ہیں، لوگوں کو وہ بہتر سمجھتے ہیں، ای ڈی او زان کے ساتھ بیٹھ کر متفقہ طور پر جو بھی فیصلہ کریں گے، اس کو Implement ہونا چاہیئے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اگر چیف منسٹر کی پالیسی ہے تو منسٹر صاحبان کو اگر کوئی دکھ چیف منسٹر صاحب کا ہے تو اس طرح اس کا وہ طریقہ اختیار کیا جائے جس سے عام آدمی متاثر نہ ہو، لہذا اگر یہ معاملہ ہو گیا، جناب سپیکر، حکومت زور میں ہوتی ہے اور حکومتوں کا زور ولیوں کی طرح ہوتا ہے، اس کے پاس وہ پاور ہے لیکن میں معذرت سے کہونگا کہ اگر یہ زور سے یہ فیصلہ کرائے تو اس کا بڑا نقصان یہ ہو گا۔۔۔۔

جناب قائمقام سپیکر: بشیر بلور صاحب پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، ډیر۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب، میں ایک بات کرتا ہوں، آپ مجھے تھوڑا سا وقت دیں۔

جناب قائمقام سپیکر: اس کے بعد۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بنه جی۔

جناب قائمقام سپیکر: جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: تھینک یو۔ جناب سپیکر، میں ٹائم کا بھی اور مجھے بہت، ہماری یہ ریکویسٹ ہے، ہماری ریکویسٹ یہ ہے کہ یہ آرڈر جوانہوں نے پاس کیا ہے سر، وہ لیگل نہیں ہے، یہ Lawful نہیں ہے، یہ آڈر پاس کرنے کا نہیں تھا جوانہوں نے ای ڈی اوز کو کہا ہے کہ یہ ہمارے ساتھ کریں۔ یہ Violation ہے، مہربانی کر کے یہ خود ہی آج کہہ دیں کہ ہم اس کا خود، جو طریقہ کار پہلے تھا، اس کو ہم Continue رکھیں، جہاں Violation ہوئی ہے، اس کو سامنے لایا جائے، ان ای ڈی اوز کو بھی اور اس ادارے کو بھی، اگر کوئی ایم پی اے بھی Involve ہے، اس کی بھی رپورٹ سامنے لائی جائے اور جو سزا یہ ہاؤس مقرر کرے وہ ہمیں منظور ہے۔ تھینک یو۔

جناب قائمقام سپیکر: بشیر بلور صاحب پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): زه Explanation باندے عرض کوم، زه نه وومه نو مفتی صاحب دوه خبرے کړی دی، یو دا چه ما وئیلی دی چه یره دا سلمان تاثیر صاحب چه دے، دا شهید وو، دا زه نه مفتی یمه، نه مولانا یمه، نه چا ته زه شهید وئیلے شم او نه چا ته وایم، چه شهید نه دے، دا د خدائے کار دے، زما ورسره هیڅ تعلق نشته۔ بله خبره دوئ دا اوکړه چه دلته وزیر اعلیٰ وئیلی وو او دلته دوئ اووئیل چه دا ایم پی ایز چه دی، دا به هر یو ایم پی اے په خپله حلقه کښے وزیر اعلیٰ وی، نو زه دوئ ته دا یاد دهانی ورکوم چه زما خیال دے او اسرار الله ګنډا پور صاحب چرته ناست دے، درانی صاحب دلته لس ځله وئیلی وو چه هر یو ایم پی اے چه دے نو هغه به د خپلے علاقے وزیر اعلیٰ وی، تپوس د اوکړی چه دے باندے ځومره د وزیر اعلیٰ خبرے شوے دی، دے باندے ځومره زیاتے شوے دے او خپل ورته چه کومے د هغه ډیویلپمنټ پیسے دی، هغه هم ورته نه دی ملاؤ شوی، چه سړے کومه خبره کوی، لږ خپل ګریوان ته د هم اوګوری چه مونږ خلقو سره څه کړی دی؟

جناب قائمقام سپیکر: جاوید ترکئی صاحب، جاوید ترکئی صاحب۔ اس پہ مزید ٹائم ختم ہو گیا، Next پھر منسٹر کو ٹائم دیں گے۔

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: سپیکر صاحب، شکریه، تهینک یو جی۔ یو خو زه منسټر صاحب ته وایم چه تاسو د هغوی Example مه ورکوئ ځکه چه هغوی خو نن کور

کښے ناست دی، ځکه خوئے ممبران نشته جی۔ ستاسو د بل Pattern، مطلب دا دے چه یو Example set کړئ او تاسو له خلقو مینډیټ درکړے دے نو هغوی مه Copy کوئ جی۔ زه دا وضاحت سره وایم چه جی چیف منسټر-----

سینئر وزیر(بلدیات): ما خو دا نه دی وئیلی۔

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: نو تاسو هغوی مه Quote کوئ کنه جی۔ You set up your own standards, ji-----

سینئر وزیر(بلدیات): ما وئیلی دی، په دیکښے ګنډاپور صاحب ناست دے، تپوس اوکړئ، مونږ داسے چا سره نه دی کړی او تاسو خبرے کوئ۔

Mr. Acting Speaker: Javed Tarakai Sahib, please continue-----

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: سپیکر صاحب، دا صحیح خبره ده چه وزیر اعلیٰ زمونږ د صوبے مشر دے او هغه ټائم په ټائم باندے وئیلی دی جی چه هر یو ایم پی اے د خپلے Constituency چیف منسټر دے خو داسے بالکل نه ده جی۔ هغه چه څه وئیلی وو هغه شان کیږی نه جی او چه کوم ما سره پوائنټس دی جی، Related to EDO of any department is like جی، Education Department in Swabi جی، a father in the district، Any Department، که تاسو ایری ګیشن واخلئ، پبلک هیلتھ واخلئ، ایجوکیشن واخلئ، Anything like Administration واخلئ نو هغه د father په شان Role ادا کوی خو د بدقسمتئ نه د سکولز اینډ لټریسی ای ډی او چه په صوابئ کښے دے، He is not playing his role ji، هغه لکه د ناظر په شان، د نوکر په شان د سحر نه واخله تر مابنامه پورے داسے Role play کوی چه خپل صاحب خوشحاله کړمه چه هغه زما ټرانسفر او نه کړی، هغه ما ته بداونه ګوری او دا صرف په ایجوکیشن که نه دی، دا په نورو ډیپارټمنټس کښے هم دی جی۔ نن که مونږ د هندوستان نه او د سری لنکا او د بوټان نه او د بنګله دیش نه لاندے یو، The reason is چه زمونږ انسټی ټیوشنز چه دی هغه Weak وو او نور هم Further په دے ګورنمنټ کښے Weak شو جی۔ زمونږ چه کوم ډیپارټمنټس دی، هغه مخکښے هم خراب وو او Further خراب شو جی۔ هر وخت د کلاس فور خبره کیږی، په صوابئ کښے ما ټائم په ټائم باندے وئیلی دی چه Five hundred teachers shortage دے، د

هغوئ هلته اپوائنټمنټ نه کیږی۔ زه چه کله سکول ته لاړ شم نو کله د میتهس ټیچر نه وی، کله د سائنس ټیچر نه وی، کله د اردو ټیچر نه وی۔ د ټیچر اپوائنټمنټ او د هغوی خبره نه شی کیدے او د هغوی خبره نه کیږی جی او د کلاس فور خبره هر وخت کیږی، ?Why it so۔ بله خبره دا چه ما څان سره دا ایډورټائزمنټس راوړی دی، په څومره اخبارونو کښے ایډواټائزمنټ راځی، تاسو خلقو له تکلیف ولے ورکوئ؟ تاسو پخپله بندر بانټ کوئ او په Recommendation باندے اپوائنټمنټ کوئ نو بیا خلق فوټو سټیټ کوی، انټرویوز له ځی، پیسے خرچ کوی نو بیا هغوی له دا تکلیف ولے ورکوئ؟ بیا خو اخبار کښے دا اشتهارونه مه ورکوئ جی۔ په اخبار کښے اشتهار ورکړئ، خلقو له تکلیف ورکړئ، انټرویوز له ئے رااوغواړئ، ټیسټ له ئے رااوغواړئ او بیا ورله Recommendation د خپل طرف نه، د وزیر طرف نه ځی نو دا خو بندول پکار دی۔ په صوابئ کښے جی، او دیکښے یو بله خبره ده، په دیکښے ټو پرسنټ Disable Quota ده، تر اوسه پورے په یو ډیپارټمنټ کښے Disable Quota څوک نه Apply کوی، څومره ظلم دے، څومره د افسوس خبره ده چه هر ډیپارټمنټ کښے Hundred کسان اپوائنټ کیږی، ټو پرسنټ به پکښے Disable وی، تر اوسه پورے Disable له کوټه نه ده ورکړے شوے جی، Deceased son Quota نه ورکوی جی۔ ورسره چه کوم ایمپلائز سنز کوټه ده، نه ورکوی جی او په دے نوکرو کښے ما یو بل څیز نوټ کړے دے چه نوکرئ ټول عمر له مالدارو خلقو ته ملاویږی چه کوم More privileged خلق دی، چا سره چه هر څه شته، زمکه ئے شته، جائیدادونه ئے شته او هم هغوی له نوکرئ ورکولے شی ځکه چه دا خلق بیا په الیکشن کښے ډنډه ماری کوی او چه کوم ډنډه مار دی، چه کوم تکړه دی، هغوی ته دا نوکرئ ځی او چه کوم غریب سړے دے، هغه ته نوکرئ نه ملاویږی جی۔ د دے تاسو نوټس واخلئ، انصاف اوکړئ Out of the books thinking اوکړئ، Otherwise consequences به ډیر زیات وی جی، نو تاسو Kindly دا ډیره سیریس مسئله ده۔

جناب قائمقام سپیکر: سردار حسین بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب۔ بس ستاسو ټائم ختم دے، دے د پاره خپل یو ټائم وی، هغه ختم شو او د دوئ نمبر دے۔

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): ډیره زیاته مهربانی۔ سپیکر صاحب، ستاسو شکریه ادا کوؤ چه تاسو مونږ له موقع راکړه او بیا دا په کومه مسئله باندے چه دومره لوئے بحث اوشو او زما دا ټولو مشرانو ملګرو، مفتی صاحب، اسرار الله ګنډا پور صاحب او عبدالاکبر خان صاحب۔۔۔۔۔

Mr. Acting Speaker: Excuse me for interruption. Where is Abdul Akbar Khan? Because the Health Minister is not present and the matter under discussion is also related to his department and he is absent. Now where is Abdul Akbar Khan? Please call him where he is; call Mr. Abdul Akbar Khan?

(تالیاں)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جاوید ترکئ صاحب او زمونږ مشرانو ملګرو چه په د مسئله باندے څومره بحث اوکړو، ما ټول ځان سره نوټ کړے وے، د ټولو مشرانو او ملګرو خبرے ما ډیر په غور سره واوریدے، د هغوی تجویزونه او د هغوی تنقیدونه او زما خپل خیال دا وو، ما وئیل چه دا په دے هاؤس کښے چه کومه مسئله باندے دومره لوئے بحث اوشو، که چرے ما ته په اول کښے موقع راکړے شوے وے نو شاید چه د دے بحث ضرورت به هم نه وو راغلے او هغه په دے لیول باندے که زه لږ د یو یو مشر تنقید او د هغه د ډسکشن حواله ورکوم نو زما یقین دا دے چه ډیر زیات وخت به په هغے باندے لګی۔ اسرار خان ګنډا پور صاحب چه دا مسئله راپورته کړے ده او دے مسئلے طرف ته ئے نشاندهی کړے ده، په تیر اجلاس کښے هم چه اسرار خان دا خبره اوکړه نو زما جواب دا وو چه مونږ په هره میاشت کښے د خپل ایجوکیشن ډیپارټمنټ Review meeting کوؤ او په هغه Review meeting کښے د ټلیرویشتو ضلعو، ماشاءالله اوس تور غر هم ضلع شوه، د هغه ټولو ضلعو ای ډی اوز ته مونږ ډائریکټیوز ورکړی وو چه څنګه به د ایجوکیشن نظام مونږه مرحله وار اصلاحات کوؤ، دا به څنګه مونږ

Implement کوؤ یا په دے نظام کښے به مونږه ښه والے څنګه راولو؟ او په هغے کښے یوه نکته دا هم وه چه په څلیرویشتو ضلعو کښے د کلاس فور نوکرئ چه دی، د هغے بهرتی به مونږ څنګه کوؤ؟ سپیکرصاحب، که ما له تاسو په اول کښے موقع راکړے وے، شاید چه د دے دومره لوئے لوئے تقریرونو یا د دے دومره لوئے لوئے تنقیدونو یا د دے دومره لوئے لوئے الزاماتو، بخښنه غواړم بیا به د دے ضرورت نه وو راغلے۔ په هغه میټنګ کښے زمونږه ډائریکټیو دا وه، کوم چه مونږ Monthly کوؤ، سپیکر صاحب، تاسو اوګورئ چه په یو ضلع کښے د کلاس فور نوکری راشی، په هغے کښے څه Criteria ده او هغه Criteria دا ده چه Deceased in service چه کوم زمونږ ورونړه خویندے وفات شی، Hundred percentبه د هغه لور یا د هغه ځوئے ته نوکری ملاؤیږی، مونږ یو دا ډائریکټیوز ورکړی دی۔ ریټائرډ چه کوم خلق دی Twenty five percent کوټه چه ده، دا د ریټائرډ خلقو ده۔ Disable چه کوم جاوید خان خبره اوکړه، دوه پرسنټه کوټه چه ده، هغه د Disable یا د معذورانو ده، په دغه کلاس فورو کښے۔ بیا زمونږ اقلیتی ورونړه خویندے چه دی، Minorities 0.5% کوټه ده، دا د هغه مینارټی خلقو کوټه ده۔ دا هر څه مونږ د دے د پاره کړی دی او زه په دعوےٰ سره دا خبره کوم چه کله مونږ په اقتدار کښے راغلو، زما په ایجوکیشن ډیپارټمنټ کښے سولہ سو سکولز ہمارے بند تھے اور یہ کیوں بند تھے؟ یہ اسی وجہ سے بند تھے اور میں Blame نہیں کرونگا لیکن ضرور وضاحت کرونگا کہ ماضی میں ہمارے منتخب نمائندوں نے انصاف اور مساوات کے تقاضے جو تھے وہ پورے نہیں کئے تھے۔ اسی وجہ سے اگر کسی نے Land donate کی تھی، اگر کوئی کسی معذور کا کوٹہ بنتا تھا یا کوئی سوشل مسئلہ تھا تو اسی مسئلے کو انہی Rights کو Violate کیا گیا تھا اور انہی وجوہات کی بناء پر ہمارے سولہ سو سکولز بند تھے اور آج میں اعزاز کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آج جب میں اس ہاؤس کے سامنے کھڑا ہوں، ماشاءاللہ، ماشاءاللہ، چار سو سکولز ہمارے ایسے ہیں کہ ابھی تک وہ بند ہیں اور اس کیلئے ہم نے کمیٹیاں بنائی ہیں اور باقی سارے سکولز ہم نے کھول دیئے ہیں۔ مفتی صاحب نے عرض کیا ہے کہ منسٹرز صاحبان کو کسی نے Misguide کیا ہوگا، ایسا ہرگز نہیں، میں اس رائے سے اختلاف کرتا ہوں، ہم پولیٹیکل لوگ ہیں، ہم پولیٹیکل ورکرز ہیں، انشاءاللہ ہمارا یہاں پہ ایک Political will ہے

اور ہماری یہ تمنا ہے اور ہماری یہ خواہش ہے کہ انشاءاللہ ہمارے دور حکومت میں نہ صرف انصاف اور مساوات کے تقاضے جو ہیں، وہ سو کے سو پرسنٹ انشاءاللہ پورے ہونگے بلکہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ لوگ جو Below poverty line زندگی گزار رہے ہیں، جن لوگوں کی Approach نہیں ہوتی، وہ لوگ جو سفارشیں نہیں کر سکتے، انشاءاللہ ہم انکے دروازوں پہ دستک دیں گے اور انکو انصاف اور مساوات کے جو تقاضے ہیں، ان کو خوشخبری انشاءاللہ تعالیٰ ہم دیں گے۔ دیکھیں یہ عجیب قسم کا وہ ہوتا ہے کہ اگر قانون کی میں بات نہیں کرونگا، اسراراللہ گنڈاپور صاحب مجھ سے بہتر جانتے ہیں، اگر میں قانون کی فائل اٹھاونگا تو پھر میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے وہ فائل اٹھانی ہی نہیں چاہیئے۔ESTA Code rule (5) کو جو میرے بھائی نے Quote کیا ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب اسراراللہ خان گنڈاپور:</u> رولز آف بزنس۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم:</u> رولز آف بزنس، رول 5 میرے بھائی نے Quote کیا تو ایسا ہر گز نہیں ہے، میں تو کل سے یہ سمجھنے لگا کہ خدانخواستہ اسی صوبے میں نہ کسی وزیر اعلیٰ کی ضرورت ہے اور نہ کسی منسٹر کی ضرورت ہے اور ایسا نہیں ہونا چاہیئے اور پھر ماشاءاللہ اپنے بزرگوں اور اپنی Political dynamic leadership کی وجہ سے 18^{th} amendment کے بعد تو ابھی جتنے بھی اختیارات ہیں، وہ سارے پولیٹیکل لوگوں کے پاس آ گئے، تو ایسا تاثر ہر گز نہیں دینا چاہیئے۔ میں سارے ہاؤس کو Assure کرتا ہوں اور میں ریکارڈ پر کہتا ہوں کہ پچھلے تین سالوں میں جس طرح میرے چیف منسٹر صاحب نے اسی چیئر سے اعلان کیا تھا کہ میرے ہر حلقے کا ایم پی اے جو ہے، وہ وزیر اعلیٰ ہے، میں چیلنج کرتا ہوں، میں ایک دو آدھ جگہوں پر یہ نہیں کہہ سکتا کہ شاید وہاں پر کسی ای ڈی او نے کوئی غلطی کی ہوگی لیکن آپ کسی بھی ایم پی اے سے پوچھیں، جتنے بھی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں کلاس فور کی پوسٹیں آئی ہیں، اپوزیشن سے جن کا تعلق ہو، خواہ مفتی صاحب ہوں اور وہ بھی اعتراف کرینگے، ملک صاحب بھی اعتراف کرینگے، میرے بزرگ حاجی صاحب بھی یہ اعتراف کرینگے، میرے بھائی اسرار خان بھی یہ اعتراف کرینگے، میرے مسلم لیگ (ن) کے عباسی صاحب اور عنایت اللہ خان جدون صاحب بھی یہ اعتراف کرینگے کہ ایک بندہ ہم نے اپوائنٹ نہیں کیا، سارے میرے بھائیوں اور میرے بزرگوں نے اپوائنٹ کئے ہیں (تالیاں) اور یہی وہ تقاضے ہیں،

یہاں پہ یہ کہا گیا کہ پشتون اپنی باتوں سے ہٹتے نہیں، انشاءاللہ ہر گز نہیں ہوگا، خدا وہ وقت نہ لائے کہ میرا لیڈر آف دی ہاؤس اور میرے وزیر اعلیٰ صاحب جو حکم دیں اور اس کو کوئی منسٹر جو ہے، وہ Violate کرے یا اس سے انحراف کرے۔ انشاءاللہ ہم یقین سے، آپ کو ایک اور بات بھی بتاؤں، یہاں پہ ماضی میں اور میرے بزرگ بیٹھیں ہیں، اگر ہم ماضی کا نقشہ اور پس منظر اپنے سامنے رکھیں تو میں نام نہیں لونگا، میں ان حکومتوں کو Blame نہیں کرونگا، جنہوں نے ہمارے بزرگوں کے اور ہمارے Collogues، ایم پی ایز جن کا تعلق اے این پی سے ہوا کرتا تھا، انکو جو سالانہ فنڈ ملتا ہے، وہ بھی نہیں دیا گیا اور نوکریاں تو بہت دور کی بات ہے۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں، او زه په یقین سره دا خبره کوم چه دا زمونږه حکومت دے، تاسو اوګورئ چه زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب د دے صوبے په تاریخ کښے اولنے وزیر اعلیٰ صاحب دے چه Weekly هغه ټولو ممبرانو صاحبانو سره ملاقاتونه کوی او دا ټول ممبران صاحبان دغے خبرے ګواه دی چه مونږ د خپل وزیر اعلیٰ صاحب د ټیم ممبران یو، هغه زمونږ د ټیم مشر دے، دا خبرے زمونږ د حکومت متعلق کول چه خدائے مه کړه، خدائے مه کړه، مونږ د ممبرانو صاحبانو نه اختیار اخلو، هرګز دا نه ده۔ دغه ټول کلاس فور چه دی، دغه به ټول ممبران بهرتی کوی، دغه ټولو ممبرانو بهرتی کړی دی خو دا یوه خبره مونږ کړے ده، ډائریکټیوز مونږ کړی دی، بلکه د Good governance د پاره مو کړی دی، هغه خلق مستحق دی او چه د مستحق خلقو حق تلفی اونه شی، هغوی سره نا انصافی اونه شی، هغوی سره زیاتے اونه شی او زه خو دا ګزارش کومه، خواست به کومه، خپل د اپوزیشن مشرانو ته او ملګرو ته چه زمونږ د دے Good governance تعریفونه تاسو اوکړئ چه دا خو مثال نه شی کیدے، لکه څنګه چه زمونږ حکومت مثالی دے او بیا د ایجوکیشن په حواله باندے تاسو اوګورئ، زما مشرانو اوړدے خبرے کړی دی، دا زمونږ د حکومت اعزاز دے چه مونږ دلته مینجمنټ او ټیچنګ کیډر متعارف کړو، دا زمونږ د حکومت اعزاز دے چه هغه پی ټی سی ټیچران چه هغوی به په یو ګریډ کښے بهرتی شو نو په هغه ګریډ کښے به ریټائر کیدل، نن دا زمونږ د حکومت کریډټ دے چه هغه پی ایس ټی ټیچرز چه دی، هغه به انیس او د بیس ګریډ نوکرئ ته رسی، دا زمونږ د حکومت کریډټ دے۔ سپیکرصاحب، دلته مونږ تاسو ته System introduce

کړو، تاسو او ګورئ مونږ Devolution of power او کړو، مونږ Delegation of power او کړو، دلته مونږ بورډ آف ګورنرز جوړ کړو، دلته مونږ خپل PTC mobilized کړه، مونږ ټوله دنیا سره په رابطه کښې یو او زه دا خبره په اعزاز سره کوم چه په ټول پاکستان کښې زما صوبه او که په نورو صوبو باندې دنیا اعتماد نه کوی، دا د هغوی خپل قصور به وی، زما په صوبه باندې د دنیا اعتماد دے او هغه ادارے چه زمونږ مالی مرسته کوی سپیکر صاحب، د دے هاؤس د مبارکئ د پاره، د دے هاؤس د خوشخبرئ د پاره هغه مالی مرسته او هغه مالی کمک چه دے، هغه ډبل نه شو، هغه ټرپیل شو۔ دا زمونږ د ټولے صوبے د پاره ډیره لویه د خوشحالئ خبره ده او ډیره لویه د خوشخبرئ خبره ده (تالیاں) زه په اخر کښې د هغه ټولو مشرانو چه شاید چه د هغوی په ذهن کښې به دا مسئله وه چه ستاسو دا خبره کلیئر کړم چه دا هیڅ مسئله نه ده او زه دا هم وئیل غواړمه چه کوم ای ډی اوز اسرار خان! زه دا وایم چه هغه ئے Misguide کړے دے او زما د Review meeting ډائریکټیوز په دے انداز کښې اسرار خان ته هغه وئیلی وو چه خدائے مه کړه، منسټر صاحب د کلاس فور اختیار خپل لاس له راوستو نو زما سیکرټری صاحب ناست دے، زه د نن نه، اوس نه دا ډائریکټیو ورکومه چه هغه ته وارننګ ورکړی ځکه چه هغه سرکاری ملازم دے، زما محترم آنریبل ایم پی اے صاحب ئے Misguide کړے دے او د هغے په بنیاد باندے دا دومره لویه مسئله په هاؤس کښې جوړه شوه۔ زه بیا یو وارے ټولو خپلو مشرانو ته ایشورنس ورکومه، خپل ټول Collogues ته چه ان شاءالله د کلاس فور چه څومره نوکرئ دی، دا Formalities چه دی، هغه مستحق خلقو د پاره چه کومه Criteria ده، د هغے مونږ ټول پابند یو او زه به دا خواست اوکړمه چه مونږ هغه خلق یو او چه دا اختیار زمونږ د سیاسی خلقو دے خو د دےاختیار هر ګز دا مطلب نه دے چه خدائے مه کړه که اول زه د خپل اختیار ناجائزه استعمال اوکړمه او بیا زما Collogues ایم پی ایز چه دی، هغوی د دے ناجائزه اختیار اوکړی، دا مونږ صرف د دے د پاره ډائریکټیوز کړی دی، لهذا زه نن دا ایشورنس ورکوم چه د غه کلاس فور بهرتی کیږی، دا به ان شاءالله زمونږ د ټولو مشرانو د

Colleagues ایم پی ایز په مشاورت سره او د هغوی په حلقو کښے چه څومره پوستونه دی، دا به د هغوی په ایماء باندے ډکیږی۔ مهربانی۔

جناب قائمقام سپیکر: اسرار اللہ گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔۔۔۔

Mr. Acting Speaker: Are you satisfied from the assurance?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، جو انہوں نے باتیں کیں، میں سر آنکھوں پر Appreciate کرتا ہوں جو Dual Sim پر انہوں نے تقریر کی ہے، ماشاءاللہ میں اسکو Appreciate کرتا ہوں۔ سر، بات یہ ہے کہ میں نے جو پوائنٹ Raise کیا تھا تو وہ رولز کے حوالے سے تھا، ریگولیشن کے حوالے سے تھا۔ Rule 5 of the Rules of Business جو ہے، وہ بالکل واضح ہے اور میں اس پر Insist کرتا ہوں۔

"Where the Minister's order appears to involve a departure from the rules and regulations or from the policy of the Government, the Secretary shall re-submit the case to the Minister inviting his attention to the relevant rules or regulations or Government policy"

اور میں اس پر Insist کرتا ہوں، یہ میرے رولز نہیں ہیں، یہ ESTA Code نہیں ہے، سر، یہ رولز آف بزنس ہیں کہ کس طریقے سے ورکنگ آف دی ڈیپارٹمنٹ ہوگی؟ اور یہ 1985 سے چلے آرہے ہیں۔ ساتھ ساتھ انہوں نے کہا کہ 18th amendment کے بعد، سر یہ Official gazetteer ہے، 20 اپریل 2010 کو ایشو ہوا ہے، اس میں سر، میں پڑھتا ہوں کیونکہ کل عبدالاکبر خان نے یہ بات کی اور میرے خیال میں ایک کنفیوژن پیدا ہو گئی ہے کہ رولز اب وہ نہیں رہے۔ اس میں سر، "270AA (6) Notwithstanding omission of the Concurrent Legislative List by the Constitutional Eighteenth Amendment Act, 2010, all laws with respect to any of the matters enumerated in the said list (including Ordinances, Orders, rules, by-laws, regulations and notifications and other legal instruments having the force of law) enforced in Pakistan or any part thereof, or having extra-territorial operation, immediately before the commencement of the Constitutional Eighteenth Amendment Act, 2010, shall continue to remain enforced until altered, repealed or amended by the competent authority"۔ میں سر، انکا جو جذبہ ہے، بالکل میں انکی قدر کرتا ہوں اور اسکو بھی Appreciate کرتا ہوں کہ اگر ہم نے اس ایشو کو پہلے جو Under discussion تھا اور اب Detailed discussion

اس پر ہوئی، انہوں نے حالات کو Face کیا ہے، ہیلتھ منسٹر کے طریقے سے انہوں نے نہیں کیا کہ وہ بالکل آئے نہیں، یہ بھی ایسا کر سکتے تھے، میری جو ریکویسٹ تھی، وہ رولز اور ریگولیشنز کے متعلق تھی اور چونکہ آنریبل منسٹر صاحب نے ہمیں یقین دہانی کرا دی ہے کہ اگر کہیں وہ Misspell ہوئے ہیں تو وہ ان ای ڈی اوز کو بھی ہدایات جاری کر دیں گے اور ایم پی ایز کا اس میں خیال رکھا جائے گا۔ بالکل ہم نے پہلے دن سے رولز، ریگولیشنز کی بات کی ہے اور جیسا کہ منسٹر صاحب نے ایشورنس دے دی ہے تو میں انکی اس بات سے مطمئن ہوں۔

Mr. Acting Speaker: Thank you very much. The sitting is adjourned till 10:00 A.M Friday morning, February 14th 2011. The agenda already circulated amongst the honourable Members. They should keep it with themselves and bring on the day fixed. Thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 4 فروری 2011ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)